وَ لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّ اَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ [ال عمران : **124**]

**اور یقیناً اللہ بدر میں تمہاری نصرت کر چکا ہے جبکہ تم کمزور تھے۔ پس اللہ کا تقویٰ اختیار کرو تا کہ تم شکر کرسکو۔**

# سالانہ پروگرام

**مجلس خدام الاحمدیہ و اطفال الاحمدیہ بھارت**

**بابت سال یکم نومبر 2021 تا 31 اکتوبر 2022**

ہر اِک نیکی کی جڑ یہ اِتّقا ہے
اگر یہ جڑ رہی سب کچھ رہا ہے

**شائع کردہ دفتر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت، قادیان 143516 ضلع گورداسپور، پنجاب**

## مبارک پیغام سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

## برموقعہ سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ و اطفال الاحمدیہ بھارت 2021ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیارے ممبران مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجھے یہ جان کر بہت خوشی ہوئی ہے کہ مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کو اپنا سالانہ اجتماع منعقد کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے ہر لحاظ سے کامیاب اور بابرکت فرمائے اور نیک نتائج سے نوازے۔ آمین مجھ سے اس موقع پر پیغام بھجوانے کی درخواست کی گئی ہے۔ میں اس موقع پر آپ کو چند ضروری نصائح کرنا چاہتا ہوں۔

آج کل دنیاداری کے ماحول کی وجہ سے لوگ اللہ تعالیٰ سے دُور جا رہے ہیں اور لوگوں کا انحصار دنیاوی منصوبوں پر زیادہ رہنے لگا ہے۔ لیکن ہماری جماعت ایک روحانی جماعت ہے۔ اس لئے آپ کو لازماً پنجوقتہ نماز بروقت ادا کرنی چاہیے اور قرآن کریم کی بھی باقاعدہ تلاوت کرنی چاہیے۔ اور جس حد تک ممکن ہو سکے نماز تہجد کا بھی التزام کریں۔ خدا تعالیٰ کی رضا کا حصول وہ سنہری کنجی ہے جس سے ہر طرح کی کامیابی کا حصول ممکن ہوگا۔ آپ کے لئے ضروری ہے کہ تہجد کی نماز ادا کریں۔ جب ایک انسان خدا تعالیٰ کے زیادہ قریب ہوگا تو اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے حقوق ادا کرنے کی طرف بھی اس کی توجہ بڑھے گی۔ ہمیشہ اس بات کو یاد رکھیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا کہ آپ کی بیعت میں داخل ہونا ایک نئی زندگی پانے کے مترادف ہے۔ مجلس خدام الاحمدیہ کے عہدیداروں کا بھی یہ کام ہے کہ وہ نوجوانوں کو نماز کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔ پنجوقتہ نمازوں کی ادائیگی کے بارے میں جو ہر مسلمان پر فرض ہے۔ انہیں ان کی اہمیت قرآنی آیات، احادیث اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ جات سے بتائیں۔ ہر نوجوان کو ذاتی حیثیت میں نمازوں کی اہمیت کا ادراک ہونا چاہیے۔ اطفال کو بھی چھوٹی عمر سے ہی فرض نمازوں اور جماعتی کاموں میں شامل ہونا چاہیے۔ اس پہلو سے مجالس عاملہ کے ممبران کو زیادہ فعال رنگ میں اپنی ذمہ داری ادا کرنی چاہئے۔ کیونکہ اطفال کی عمر ایسی ہوتی ہے

جہاں آپ کو انہیں اپنے قریب رکھنا چاہیے۔ ہمیشہ انہیں دین کے ساتھ جوڑ کر رکھیں اور جماعتی سرگرمیوں میں مشغول رکھیں۔ اس کے لئے مختلف راستے اور ذرائع تلاش کرنے ہوں گے۔ ان سے پوچھیں کہ وہ کس قسم کی سرگرمیوں کو پسند کرتے ہیں اور اس کے مطابق اطفال الاحمدیہ اور خدام کے پروگرامز ترتیب دیں۔ جس قدر خدام اور اطفال کو آپ جماعتی سرگرمیوں میں شامل کریں گے اتنا ہی آپ جماعت کے لئے مفید اثاثہ تیار کر رہے ہوں گے۔

اسی طرح اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ خدام ضرور کسی نہ کسی کھیل میں مشغول ہوں، صرف گلیوں میں ہی نہ پھرتے رہیں اور محض indoor اور انٹرنیٹ کی کھیلیں ہی نہ کھیلتے رہیں۔ ان کو کچھ ورزشی کھیلوں میں حصہ لینا چاہیے، باہر نکلنا چاہیے اور گراؤنڈز میں جانے کا وقت مختص کرنا چاہیے۔

مجلس خدام الاحمدیہ کی ایک بڑی ذمہ داری خلافت احمدیہ کی حفاظت ہے۔ اور خلافت احمدیہ کی حفاظت آپ خلیفہ وقت کی باتوں کو سننے اور ان پر عمل کرنے سے کر سکتے ہیں۔ اور جماعت کی حفاظت بھی اسی صورت میں ہو سکتی ہے کہ خلیفۂ وقت کی باتوں کو مانا جائے اور ان پر عمل کیا جائے۔ اس زمانے میں خلافت کی اطاعت اور خلیفۂ وقت کی ہدایات کی تعمیل کا ایک بہت اہم ذریعہ اللہ تعالیٰ کے عظیم فضل و احسان کی صورت میں قائم کیا ہوا ذریعہ ہے۔ اور وہ ایم ٹی اے ہے۔ اس لئے آپ جہاں کہیں ہوں آپ کو ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے کہ میرا خطبہ جمعہ ضرور سنیں خواہ کسی بھی ذریعہ سے ہو۔ بہت سارے خط مجھے ابھی بھی آتے ہیں کہ جب سے ہم نے ایم ٹی اے پر کم از کم خطبات ہی باقاعدہ سننے شروع کئے ہیں ہمارا جماعت سے مضبوط تعلق ہو رہا ہے اور ہمارے ایمانوں میں مضبوطی پیدا ہو رہی ہے۔ پس اس روحانی مائدہ سے فائدہ اٹھائیں تا کہ آپ خلافت کی برکات سے کماحقہ مستفیض ہو سکیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کو میری ان تمام نصائح پر عمل کرنے کی توفیق دے اور اپنے بے شمار فضلوں سے نوازے۔ آمین

**والسلام، خاکسار**

**مرزا مسرور احمد**

**خلیفۃ المسیح الخامس**

# خصوصی ہدایات سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

## چار نکاتی پروگرام

(1) تمام مرکزی مساجد اور جماعتی حلقوں کی مساجد میں پانچ وقت باجماعت نمازوں کی بھرپور حاضری کے ساتھ ادائیگی کی طرف خصوصی توجہ دی جائے اور اس سلسلہ میں حلقہ کی سطح کے تمام جماعتی اور ذیلی تنظیموں کے عہدیداران سارا جائزہ لے کر نوٹ کریں کہ حلقہ کے کون کون سے احباب نمازوں میں سست ہیں۔ پھر ایسے تمام احباب کو حلقہ کی سطح کے جماعتی اور ذیلی تنظیموں کے عہدیدران مناسب اور موثر رنگ میں توجہ دلوائیں اور ان عہدیداران کا توجہ دلانے کا طریق اتنا اچھا اور موثر ہونا چاہئے کہ ایسے تمام احباب کو اپنی کمزوری کا احساس ہو اور وہ اپنی اصلاح کر لیں۔ بجائے اس کے کہ ایسا طریق اختیار کیا جائے کہ ایسے احباب الٹا عہدیداران سے ہی بدظن ہو جائیں اور اس کے لئے سب سے پہلے تمام مرکزی اور حلقہ کی سطح کے جماعتی اور ذیلی تنظیموں کے عہدیداران کو اپنا اور اپنے بچوں کا نمونہ پیش کرنا ہوگا۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ عہدیداران یا ان کے بچے خود تو نمازوں میں کمزور ہوں اور دیگر احباب جماعت اور ان کے بچوں کو باجماعت نماز کی تلقین کریں۔

(2) ہر مرکزی اور حلقہ کی مسجد میں نماز فجر اور نماز عصر کے بعد قرآن وحدیث کے درس کا باقاعدگی سے انتظام ہونا چاہئے اور اس موقع پر بھی زیادہ سے زیادہ احباب کی حاضری کے لئے بھی حلقہ کی سطح کی تمام جماعتی اور ذیلی تنظیموں کی انتظامیہ کوشش کرے۔

(3) خلیفہء وقت کے خطبہ جمعہ، اسی طرح عیدین اور مختلف ممالک کے جلسوں اور ذیلی تنظیموں کے اجتماعات کے موقعہ کے خطابات احباب جماعت کو اجتماعی رنگ میں سنانے اور دکھانے کا بھی جماعتی انتظامیہ کی طرف سے مئوثر انتظام ہونا چاہئے۔ اور اس کے لئے بھی سب سے پہلے تمام مرکزی، جماعتی اور ذیلی تنظیموں کے عہدیداران کو اپنے بچوں کے ساتھ ان مواقع پر حاضر رہ کر اپنا نمونہ پیش کرنا ہوگا اور اس کے بعد دیگر احباب جماعت کو اس کی تلقین کرنا ہے۔

(4) انڈیا کے احباب جماعت کی تربیت کے لئے جماعتی اخبار ہفتہ روزہ بدر کے اردو کے علاوہ ہندی اور کئی مقامی زبانوں میں بھی ایڈیشن شروع کئے گئے ہیں۔ ان تمام ایڈیشنز سے احباب جماعت کس قدر

فائدہ اٹھا رہے ہیں اس کا بھی جائزہ لیا جائے اور کوشش کی جائے کہ ہر گھر میں اس تاریخی جماعتی اخبار کا ایک پرچہ ضرور جائے۔

مذکورہ بالا ہدایات سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے احباب جماعت انڈیا کی تربیت کیلئے بیان فرمائی ہیں۔

تمام قائدین کرام، زعماء کرام، ناظمین اطفال اور دیگر عہدیداران ان ہدایات کی سال بھر تعمیل کریں اور تمام خدام واطفال کو ان ہدایات کی تعمیل کا پابند بنائیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# قائدین خصوصی توجہ کریں!

ہر سال کی طرح امسال بھی مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کو اپنا سالانہ پروگرام بابت سال 2021-2022ء (یکم نومبر 2021ء تا 31/اکتوبر 2022ء) تشکیل دے کر پیش کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔

مجلس خدام الاحمدیہ کے کاموں کی تفصیل اور طریق کار لائحہ عمل مجلس خدام الاحمدیہ میں بنیادی طور پر موجود ہے۔ لائحہ عمل کا مطالعہ ہر عہدیدار کے لئے لازمی ہے۔ مجالس کی سہولت کے لئے اور مجالس کی کارکردگی کو یکساں اور متحد کرنے کے لئے گذشتہ کئی سالوں سے سالانہ پروگرام کی شکل میں مجالس کے کاموں کا شیڈیول تیار کیا جاتا ہے اور ہر کام کے لئے تاریخیں مقرر کی جاتی ہیں تاکہ ہندوستان کی تمام مجالس مقررہ تاریخ میں مقررہ پروگرام کا اہتمام کرسکیں۔

لیکن یہ امر دیکھنے میں آرہا ہے کہ ابھی بھی بعض مجالس مکمل طور پر سالانہ پروگرام کی پابندی نہیں کررہی ہیں۔ اگر مجالس اس سالانہ پروگرام کی پابندی کریں تو ان کی کارکردگی میں غیر معمولی بہتری اور تیزی پیدا ہوسکتی ہے۔ احباب جماعت کی ایک بنیادی اور امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ وہ متحد ہوکر کام کرتے ہیں اور اپنا جلال دکھاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہم سب ایک نظام میں پروئے گئے ہیں اور لوائے خدام الاحمدیہ کے تلے خدمات سرانجام دیتے ہیں۔ پس ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم مرکزی لائحہ عمل اور پروگرام کی تعمیل اور پابندی کریں۔

اس پروگرام کے شروع میں سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے احباب جماعت انڈیا کی تربیت کیلئے بیان فرمودہ چار ہدایات درج ہیں۔ یہ چار ہدایات ہمارے لئے بنیادی اور مستقل لائحہ عمل ہے جس کے گرد خدام الاحمدیہ کے جملہ کام گردش کرتے ہیں۔ تمام قائدین ان چاروں ہدایات کی تعمیل کروانے کے سلسلہ میں ہمہ تن محنت اور توجہ سے خدمت کرتے ہوئے موثر کاروائی کریں اور ان ہدایات کی تعمیل کے سلسلہ میں ہر ماہ الگ رپورٹ ارسال کریں۔

کرونا وائرس نے آج کل بڑے پیمانے پر تباہی مچائی ہے۔ زندگی گزارنے کے طور طریقوں میں بھی اس سبب کافی تبدیلی پیدا ہوئی ہے۔ لیکن ان مشکل حالات میں بھی ہمیں اپنے پیدا کرنے والے خدا کو

نہیں بھولنا ہے بلکہ اسکی قربت میں قدم آگے بڑھانا ہے اور اسکی مخلوق کی خدمت میں ہمہ وقت مشغول رہنا ہے تبھی ہم حقیقی معنوں میں خدام احمدیت کا اعزاز حاصل کرنے والے بن سکتے ہیں ۔موجودہ حالات میں ہماری ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ:

’’پس ان حالات میں ہمیں جہاں اپنے آپ کو سنوارنے کی ضرورت ہے وہاں اپنی تبلیغ کو بھی مؤثر رنگ میں کرنے کی ضرورت ہے۔ دنیا کو اسلام کے بارے میں پہلے سے بڑھ کر متعارف کرانے کی ضرورت ہے اور پھر ہر احمدی کو یہ کوشش کرنی چاہیے کہ دنیا کو بتائے کہ اگر اپنی بقا چاہتے ہو تو اپنے پیدا کرنے والے خدا کو پہچانو۔ اگر اپنے بہتر انجام چاہتے ہو تو اپنے پیدا کرنے والے خدا کو پہچانو کہ آخری زندگی کا انجام جو ہے وہی اصل انجام ہے۔ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور اس کی مخلوق کے حق ادا کرو۔‘‘

(خطبہ جمعہ 20 مارچ 2020ء)

امسال اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کے ملکی مجلس عاملہ کو سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ Virtual ملاقات کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ اس میٹنگ میں پیارے آقا نے تفصیل سے ہر شعبہ کے متعلق راہنمائی فرمائی ہے۔ اس کے مطابق عمل کرنے کی ہم سب کو ضرورت ہے۔

پس اے خدام احمدیت!! اپنے پیارے امام عالی مقام کی اس نصیحت پر لبیک کہتے ہوئے قرب الٰہی کے میدان میں سبقت لے جانے کے لئے سعی کریں اور مخلوق خدا کے تئیں ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان تک اسلام کا حقیقی پیغام پہنچانے میں اپنا دن رات ایک کر دیں تا کہ ہم جلد از جلد اسلام احمدیت کا پرچم دنیا پر لہراتا ہوا دیکھ سکیں۔ تمام پروگرامز کا انعقاد ملکی قانون اور جماعتی قواعد کو ملحوظ رکھتے ہوئے مکمل احتیاط کے ساتھ ہی کریں۔ اگر ملکی قانون یا جماعتی قواعد کے لحاظ سے کسی پروگرام کا انعقاد مشکل ہو تو مرکز سے راہنمائی حاصل کر لیا کریں۔

اللہ تعالیٰ آپ سب کے ساتھ ہو۔ اور سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ان ارشادات کے مطابق عمل کرنے کی نیز مقبول خدمات کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

کے۔طارق احمد

صدر مجلس خدام الاحمدیہ بھارت

# ریفریشر کلاسز برائے قائدین کرام

لائحہ عمل کے مطابق خدام الاحمدیہ کے ہر سطح کے عہدیداران کے لئے سال میں کم از کم ایک مرتبہ ریفریشر کلاسز کا اہتمام نہایت ہی ضروری ہے تا کہ عہدیداران کو اپنی ذمہ داریوں اور دائرہ کار کا علم ہو سکے اور احسن رنگ میں خدام الاحمدیہ کے کام سرانجام دئے جاسکیں۔ لہذا درج ذیل تفصیل کے مطابق مقررہ مہینوں میں متعلقہ اضلاع میں ریفریشر کلاسز کا اہتمام ہونا چاہئے جس کے بعد ایسے کلاسز کے انعقاد کی رپورٹ علیحدہ دفتر خدام الاحمدیہ کو بھجوانا بھی لازمی ہوگا۔

ہر ضلع کے مجالس کے قائدین کرام اور ان کی مجلس عاملہ کے ممبران کے لئے ریفریشر کلاسز کا اہتمام کرنا ضلعی قائد کی ذمہ داری ہوگی۔ حسب حالات تاریخ اور مقام ریفرشر کلاس کا تعین ہوسکتا ہے۔ مرکزی نمائندہ کو بلانے کے لئے دفتر سے رابطہ کریں۔

| | |
|---|---|
| مارچ 2022 | صوبہ اوڈیشہ: ضلع بالاسور، ضلع کٹک، ضلع خوردہ، ضلع نیا گڑھ<br>صوبہ جھارکھنڈ: ضلع ایسٹ سنگھ بوم، ضلع دُمکا، ضلع رانچی<br>صوبہ بہار: ضلع بھاگلپور، ضلع پٹنہ، ضلع گیا، ضلع آرا، ضلع ارول، ضلع سیوان، ضلع گوپال گنج، ضلع چھپرا، ضلع مظفرپور، ضلع موتی ہاری، ضلع پشچمی چمپارن<br>صوبہ ہریانہ: ضلع حصار، ضلع جیند، ضلع روہتک، ضلع کرنال، ضلع پانی پت، ضلع کیتھل، ضلع بھوانی، ضلع فتح آباد۔<br>صوبہ کیرالہ۔ تامل ناڈو۔ لکشہ دیپ |
| اپریل 2022 | صوبہ سکم، صوبہ بنگال: ضلع ہاوڑا، ضلع کوچ بہار، ضلع بیر بھوم، ضلع چوبیس پرگنا، ضلع بردمان، ضلع مرشد آباد، ضلع مالدہ، ضلع بانکورہ، ضلع جلپائی گوڑی، ضلع علی پوردوار<br>صوبہ آسام: ضلع بونگائی گاؤں، ضلع گوالپاڑا، ضلع کامروپ، ضلع بارپیٹا، صوبہ میگھالیا<br>صوبہ ہماچل: ضلع کانگڑا، ضلع اونہ |

| | |
|---|---|
| مئی 2022 | **جموں و کشمیر:** ضلع راجوری، ضلع پونچھ، علاقہ بھدرواہ، ضلع شوپیان، ضلع کولگام، علاقہ سرینگر۔ **صوبہ آندھرا پردیش:** ضلع ورنگل، ضلع نظام آباد، ضلع محبوب نگر، ضلع ایسٹ گوداوری، ضلع ویسٹ گوداوری، ضلع کرشنا، ضلع کھمم<br>**صوبہ کرناٹک:** ضلع یادگیر، ضلع کوپل، ضلع بیجاپور، ضلع بلاری، ضلع گربرگہ، ضلع رائچور، ضلع دھارواڑ، ضلع گدگ، علاقہ بنگلور |
| مئی 2022 | **صوبہ یوپی:** اضلاع: مین پوری، ایٹہ، آگرہ، متھرا، کانپور، شاہجہان پور، سہارنپور، سیتا پور، بریلی، لکھنؤ، فتح پور، ہمیرپور، ہردوئی، اوناؤ۔<br>**صوبہ راجستھان:** ضلع دھولپور، ضلع اجمیر، ضلع پالی، ضلع جے پور، ضلع بھرتپور، ضلع کوٹا بوندی۔<br>**صوبہ ایم پی:** ضلع گوالیر، ضلع بھینڈ، ضلع نرسنگھ پور، ضلع مورینا<br>**صوبہ چھتیس گڑھ:** تمام مجالس<br>**صوبہ پنجاب:** ضلع امرتسر، ضلع گورداسپور، ضلع ہوشیار پور، ضلع مانسا، ضلع بٹھنڈا، ضلع جالندھر، ضلع فیروز پور، ضلع موگا، ضلع پٹیالہ، ضلع روپنگر، علاقہ چندیگڑھ۔<br>**صوبہ مہاراشٹرا:** تمام مجالس۔<br>**صوبہ گجرات:** تمام مجالس۔<br>**دہلی:** تمام مجالس۔ |

# مطالعہ کتب سکیم زیر اہتمام شعبہ تعلیم

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خدام کو سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کے مطالعہ کی طرف خصوصی توجہ دلا رہے ہیں۔حضور انور کے ارشاد کی تعمیل میں شعبہ تعلیم ہر سال سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی چند کتب مطالعہ کے لئے مقرر کرتا ہے اور خدام سے یہ توقع رکھتا ہے کہ ہر خادم ضرور ان کتب کا مطالعہ کرے۔اس سال شعبہ تعلیم نے سال بھر میں حضرت اقدس مسیح موعودؑ کی بعض معرکۃ الآراء تصانیف مطالعہ کے لئے مختص کی ہیں۔ان کتب کے متعلقہ حصہ کے متعلق اجتماعی طور پر (کلاسز کی صورت میں) تربیتی اجلاسات میں Detail Group discussion کروائی جائے اور ان کتب سے بھر پور استفادہ کو یقینی بنایا جائے نیز خدام کو ذاتی طور پر بھی ان کتب کے مطالعہ کی تحریک کی جائے۔

درج ذیل کتب جو مطالعہ کے لئے مقرر کی گئی ہیں ان کے انگریزی و ہندی تراجم بھی نظارت نشر واشاعت قادیان میں دستیاب ہیں۔ اسی طرح جماعتی ویب سائٹس پر بھی دستیاب ہیں۔

| | |
|---|---|
| نومبر 2021 | براہین احمدیہ، جلد اول، نصف اول |
| دسمبر 2021 | براہین احمدیہ، جلد اول، نصف ثانی |
| جنوری اور فروری 2022 | براہین احمدیہ، جلد دوم، خمس اول |
| مارچ و اپریل 2022 | براہین احمدیہ، جلد دوم، خمس ثانی |
| مئی و جون 2022 | براہین احمدیہ، جلد دوم، خمس ثالث |
| جولائی و اگست 2022 | براہین احمدیہ، جلد دوم، خمس رابع |
| ستمبر و اکتوبر 2022 | براہین احمدیہ، جلد دوم، خمس خامس |

نوٹ: ہر صوبہ میں لوگوں کے جمع ہونے کے لئے جتنی تعداد مقرر ہے اس کو ملحوظ رکھیں اور صوبائی و مرکزی حکومت کی guidelines کی پابندی کریں۔اور حسب ضرورت مکمل احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔

# امتحان دینی نصاب

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد کے مطابق سال میں تین مرتبہ خدام کے دینی نصاب کا امتحان لیا جاتا ہے۔ مرکز کی طرف سے خدام کے دونوں گروپوں (گروپ اوّل 15 سے 25 اور گروپ دوئم 26 سے 40 سال) کے پرچہ جات بھجوادئے جائیں گے۔ خاص طور پر خیال رکھیں کہ مجلس کا ہر خادم بشمول جملہ عہدیداران خدام کا اس امتحان میں شریک ہونا ضروری ہے۔ مجلس کے جملہ خدام کی ابھی سے تیاری کروائیں۔

دینی نصاب امتحان منعقد کرنے کی تاریخیں اور نصاب ذیل میں درج ہے۔ خدام کے دونوں گروپس کے لئے مشترکہ نصاب ہے البتہ پرچہ جات الگ الگ معیار کے ہوں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| پہلا امتحان | 16-01-2022 | ا۔قرآن مجید سورۃ الانعام رکوع 6 تا 10 (کل 5 رکوع) ۲-کتاب: شرائط بیعت اور ہماری ذمہ داریاں (ثلث اول) |
| دوسرا امتحان | 03-04-2022 | ا۔قرآن مجید سورۃ الانعام رکوع 11 تا 15 (کل 5 رکوع)۔ ۲۔ کتاب: شرائط بیعت اور ہماری ذمہ داریاں (ثلث ثانی) |
| تیسرا امتحان | 10-07-2022 | ا۔قرآن مجید سورۃ الانعام رکوع 16 تا 20 (کل 5 رکوع)۔ ۲۔ کتاب: شرائط بیعت اور ہماری ذمہ داریاں (ثلث ثالث) |

اطفال کے لئے حزب بندی کے مطابق کتاب ''نصاب وقف نو'' بطور نصاب مقرر کی گئی ہے۔ اس امر کا بھی خیال رکھیں کہ اگر کوئی طفل اردو نہیں جانتا ہے تو امتحان سے قبل ترجمہ کر کے پرچہ دیا جائے۔ جملہ امتحانات کے جوابی پرچہ جات ضلعی قائدین کو بھجوائے جائیں۔

## عناوین برائے اجلاسات

تربیتی اجلاسات میں درج ذیل عناوین پر تقاریر کا اہتمام کریں۔علاوہ ازیں تربیتی اجلاسات میں حضورانور کے دوران ماہ کے جملہ خطبات جمعہ کے اہم نکات اور خلاصہ پر بھی بحث کریں تا کہ خدام کو حضورانور کے خطبات کے اہم ارشادات کاعلم ہوسکے۔

| | |
|---|---|
| نومبر 2021 | تعلق باللہ کے حصول کے ذرائع۔ |
| دسمبر 2021 | اسلام میں حصول علم کی ترغیب۔ |
| جنوری2022 | سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم:حقوق العباد کے آئینہ میں۔ |
| فروری2022 | سیرت حضرت مسیح موعودعلیہ السلام:حقوق العباد کے آئینہ میں۔ |
| مارچ2022 | شرائط بیعت کے متعلق خلیفۃ المسیح کے ارشادات۔ |
| اپریل2022 | مالی قربانی کی اہمیت اور برکات۔ |
| مئی2022 | اطاعت خلافت کی اہمیت وبرکات۔ |
| جون2022 | فریضہ حج۔ |
| جولائی2022 | وقف کرنا زندگی کا ہے کسب کمال (جامعہ میں حصول تعلیم کی اہمیت) |
| اگست2022 | وطن سے محبت۔ |
| ستمبر 2021 | اسلامی قمری کیلینڈر کا پہلا ماہ:محرم۔ |
| اکتوبر 2021 | جلسہ سالانہ کے اغراض ومقاصد اوراس میں شمولیت کی اہمیت۔ |

# تربیتی کیمپ

ذیل میں انڈیا کے صوبہ جات میں سے بعض مجالس کا انتخاب کیا گیا ہے جہاں پر ضلعی سطح پر پندرہ روزہ تربیتی کیمپ کا انعقاد کیا جانا ضروری ہے۔ ایسی مجالس کا انتخاب کیا گیا ہے جہاں پر رہائش وغیرہ کی مناسب سہولت موجود ہے۔ متعلقہ مجالس کے قائدین کرام اپنے ضلعی قائد صاحب سے مل کر مقررہ مہینوں میں تربیتی کیمپس کے انعقاد کو یقینی بنائیں۔ اس سلسلہ میں مجالس کی طرف سے صد فیصد رپورٹ نہیں مل رہی ہے۔ اس کی طرف خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔

| ماہ | صوبہ | مجالس |
|---|---|---|
| مارچ | جموں وکشمیر | آسنور، رشی نگر، ناصر آباد، سرینگر، پونچھ، راجوری، بھدرواہ، جموں |
| مارچ | راجستھان | چورو، دھولپور، بھرتپور، کوٹاوبوندی، جے پور، اجمیر، پالی |
| مارچ | تاملناڈو | چنئی، کوئمبٹور، میلاپالیم، مدورائی، پورٹ بلیر |
| مارچ | کیرلہ | ارناکلم، کالیکٹ، کنور، کروناگپلّی، ملاپورم، پالگھاٹ، کاوارتی |
| مارچ | A.P. تلنگانہ | انورمنزل حیدرآباد، سکندرآباد، چنتہ کنٹہ، چندہ پور، کاسرلاپہاڑ، کٹاکشپور، ونگلوپڑی، رائیناپالم |
| مارچ | کرناٹک | ہبال، ہوبلی، ریونکی، کاگنور، گولگیرہ، گوڑی ہال، بنگلور، یادگیر، مرکرہ، گلبرگہ، تیماپور |
| مارچ | مہاراشٹرا | ممبئی، بلاپور، شولاپور، عثمان آباد، ساونت واڑی |
| مارچ | چھتیس گڑھ | بسنہ |
| مارچ | ایم پی | گوالئیر بھنڈ، مورینہ، اٹارسی |

| | | |
|---|---|---|
| مارچ | بنگال/سکم | کولکتہ، ڈائمنڈ ہاربر، خون ڈانگا، سلی گڑی، جے گاؤں، مالدہ، کشمنڈی، برہم پور، نل ہٹی، گینگ ٹوک۔ |
| مارچ | آسام | ابھے پوری، تاپا جولی، گوہاٹی، اوکھرا باڑی۔ |
| مارچ | گجرات | گاندھی نگر، احمد آباد۔ |
| جون | پنجاب/ ہریانہ | پنجاب اور ہریانہ۔ |
| جون | اُتر پردیش و اُترا کھنڈ | آگرہ، سُجان، ننگلہ گھنو، کانپور، راٹھ، لکھنؤ، سیتاپور، بنارس، شاہجہانپور، بریلی، سہانپور، دہرادون۔ |
| جون | جھارکھنڈ | سملیہ، موسیٰ بنی، مدھوپور۔ |
| جون | بہار | آرا، گیا، چھپرا، بیتیا، برہ پورہ، کشن گنج۔ |
| جون | دہلی | دہلی NCR |
| جون | ہماچل | برنو، جوالاجی، شملہ۔ |
| جون | اوڈیشہ | کیرنگ، کٹک، دھواں ساہی، پنکال، کرڈاپلی، تالبرکوٹ، غنچہ پاڑا، کالاہانڈی، تاراکوٹ، بھدرک، سورو۔ |

نوٹ: ہرصوبہ میں لوگوں کے جمع ہونے کے لئے جتنی تعداد مقرر ہے اس کوملحوظ رکھیں اور صوبائی و مرکزی حکومت کی guidelines کی پابندی کریں۔

## ❁ مقابلہ انعامی مقالہ نویسی ❁

شعبہ تعلیم کے تحت ہر سال اراکین مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کے لئے علمی مقالہ لکھنے کے لئے عناوین تجویز کئے جاتے ہیں۔امسال درج ذیل عناوین مقرر کئے گئے ہیں۔آپ سے گذارش ہے کہ مقالہ نویسی میں بھی زیادہ سے زیادہ خدام کو شامل کرنے کی کوشش کریں اور بار بار خدام کو مقالہ لکھنے کے لئے ترغیب دلاتے رہیں۔مقالہ کے عناوین اوران کی تفصیل ذیل میں درج ہے۔

عنوان برائے خدام گروپ 'الف' (مربیان/معلمین/طلباءجامعہ احمدیہ)

### ''اسلامی سلطنت کے متعلق قرآنی احکامات''

عنوان برائے خدام گروپ 'ب' (بقیہ خدام):

### ''تبلیغ کے حوالہ سے خدام الاحمدیہ کی ذمہ داریاں اور عصر حاضر کے تبلیغی ذرائع''

عنوان برائے اطفال:-

### 'سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: عبد کامل''

**نقدی انعام برائے خدام:**

| | | |
|---|---|---|
| اول مبلغ -/6000 روپے | دوئم مبلغ -/5000 روپے | سوئم مبلغ -/4000 روپے |

نقدی انعام برائے اطفال:

| | | |
|---|---|---|
| اول مبلغ -/4000 روپے | دوئم مبلغ -/3000 روپے | سوئم مبلغ -/2500 روپے |

قائدین اپنی مجالس کے خدام واطفال کو زیادہ سے زیادہ اس انعامی مقالہ نویسی کے مقابلہ میں حصہ لینے کی طرف خصوصی توجہ دلائیں۔

شرائط مقالہ:

* مقالہ کم ازکم دس ہزار الفاظ پر مشتمل ہو۔اطفال کے لئے پانچ ہزار الفاظ شرط ہے۔

* مقالہ اردو، انگریزی اور ہندی کے علاوہ ہندوستان کی کسی بھی علاقائی زبان میں لکھا جاسکتا ہے۔
* مقالہ خوش خط اور کاغذ کے 3 / 2 حصہ میں لکھا گیا ہو۔ کاغذ کی پشت پر نہ لکھا جائے۔
* مقالہ میں سرخ سیاہی کا استعمال نہ کیا جائے۔
* مقالہ کے حوالہ جات مکمل و مستند ہوں۔ (مثلاً نام کتب، نام مصنف، جلد نمبر صفحہ نمبر، سن اشاعت، مقام اشاعت وغیرہ)
* مقالہ نگار مقالہ کے پہلے صفحہ میں اپنا نام، مجلس کا نام، مکمل ایڈریس، فون نمبر وغیرہ ضروری معلومات تحریر کرے۔
* جملہ مقالہ جات زونل قائدین کی وساطت سے دفتر خدام الاحمدیہ بھارت میں بھجوائے جانے کی آخری تاریخ یکم جولائی 2022ء ہے۔
* مقالہ کی اشاعت کے جملہ حقوق مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کے ہوں گے۔

## ❁ سیمینار ❁

| | | |
|---|---|---|
| پہلا | دعوت الی اللہ کا فریضہ اور خدام الاحمدیہ کی ذمہ داریاں | 12-12-2021 بروز اتوار |
| دوسرا | جامعہ احمدیہ میں حصول تعلیم کی اہمیت و برکات | 27-02-2021 بروز اتوار |
| تیسرا | رشتہ ناطہ کے متعلق حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کے ارشادات | 17-04-2021 بروز اتوار |

# ❁ کیلنڈر برائے میڈیکل کیمپس ❁

مذکورہ مہینوں میں متعلقہ صوبہ جات کے تمام اضلاع میں میڈیکل کیمپس کا انعقاد کرنا از بس ضروری ہے۔ کیمپس کی نوعیت مجالس اپنے حالات کے حساب سے خود طے کر سکتی ہیں۔ آئی کیمپ، ڈینٹل کیمپ، شوگر کیمپ، میڈیکل چیک اپ کیمپ، ہومیوپیتھی کیمپ وغیرہ

| | | |
|---|---|---|
| 1 | ماہ نومبر | صوبہ جموں وکشمیر، صوبہ ہماچل کے جملہ اضلاع میں |
| 2 | ماہ دسمبر | صوبہ ہریانہ کے جملہ اضلاع میں |
| 3 | جنوری | صوبہ راجستھان، صوبہ بنگال، صوبہ آسام، صوبہ سکم کے جملہ اضلاع میں |
| 4 | فروری | صوبہ اوڈیشہ، صوبہ جھارکھنڈ کے جملہ اضلاع میں |
| 5 | مارچ | صوبہ بہار، چھتیس گڑھ کے جملہ اضلاع میں |
| 6 | مارچ | قادیان، پنجاب کے جملہ اضلاع میں |
| 7 | مئی | صوبہ کیرالہ، صوبہ تامل ناڈو، صوبہ لکشدیپ کے جملہ اضلاع میں |
| 8 | جون | صوبہ آندھرا، صوبہ کرناٹک کے جملہ اضلاع میں |
| 9 | جولائی | صوبہ مہاراشٹرا، صوبہ گجرات، صوبہ دہلی کے جملہ اضلاع میں |
| 10 | اگست | صوبہ یوپی کے جملہ اضلاع میں |
| 11 | ستمبر | صوبہ مدھیہ پردیش کے جملہ اضلاع میں |

# تبلیغ

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کو اللہ تعالیٰ نے کسی ایک ملک یا قوم کے لئے مبعوث نہیں کیا ہے بلکہ دنیا کی ہر قوم، ہر مذہب اور ہر ملک کی ہدایت کے لئے مبعوث کیا ہے۔ چنانچہ حضورؑ فرماتے ہیں کہ:

''میرا اس زمانہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے آنا محض مسلمانوں کی اصلاح کے لئے ہی نہیں ہے بلکہ مسلمانوں اور ہندوؤں اور عیسائیوں تینوں قوموں کی اصلاح منظور ہے اور جیسا کہ خدا تعالیٰ نے مجھے مسلمانوں اور عیسائیوں کے لئے مسیح موعود کر کے بھیجا ہے ایسا ہی ہندوؤں کے لئے بطور اوتار کے ہوں۔'' (لیکچر سیالکوٹ صفحہ ۹)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے مندرجہ بالا اقتباس سے ظاہر ہیکہ تبلیغ کا کام کتنا وسیع اور کس قدر اہم ہے اور اس فریضہ اور ذمہ داری کو پورا کرنے کے لئے ہمیں کس جوش اور تندہی سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ الحمد للہ جماعت احمدیہ ہندوستان بھی تبلیغ کے اس اہم فریضہ کی ادائیگی کے لئے ہمہ تن گوش ہے مگر اس میں مختلف ذرائع کے ذریعہ مرکزی نظام کے تحت مزید تیزی لانے کی ضرورت ہے۔ انہی ذرائع میں سے یوم تبلیغ کا انعقاد بھی بہت اہمیت کا حامل ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ اس تعلق سے فرماتے ہیں کہ:

''پس یوں تو تبلیغ ہر مومن کا فرض ہے اور یقینی طور پر میں کہہ سکتا ہوں کہ ہر سچا مومن ہر روز تبلیغ کرتا ہی ہوگا، لیکن بعض کمزور طبائع ایسی ہوتی ہیں جو بیدار کئے جانے کی محتاج ہوتی ہیں اور اس بات کی منتظر ہوتی ہیں کہ کوئی آئے اور انہیں تبلیغ کرنے کی تحریک کرے گویا عملاً اس بات کا انتظار کر رہی ہوتی ہیں کہ کوئی آ کر انہیں جگائے۔ (خطبہ جمعہ 13 اکتوبر 1933)

اسی طرح حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ اس تعلق سے فرماتے ہیں کہ ''مرکزی نظام کے تابع یہ دن یعنی یوم تبلیغ منایا جائے، تب کام ہوگا ورنہ سر اٹھا کر جس کے منہ میں جو آئے، سر میں جو سودا سمائے وہ کام شروع کر دے۔ ہوسکتا ہے کوشش ضائع ہو جائے اور کچھ بھی حاصل نہ ہو۔۔۔ پس اپنا دماغ استعمال کریں ورنہ یوم تبلیغ کچھ دیر کے بعد بالکل بیکار اور بے معنی ہو کر رہ جائے گا۔ کب تک آپ گھروں کے دروازے کھٹکھٹائیں گے اور پھر اس کے بعد آرام سے بیٹھ جائیں گے کہ اب تو یوم تبلیغ ہم نے منا لیا ہے۔ تبلیغ ڈے منانے کا فیصلہ کرنا کافی نہیں ہے، کس طرح منایا جائے؟ کس طرح اسے زندہ رکھا جائے؟ کس طرح اس سے فائدہ اٹھایا جائے تا کہ جماعت کے اندر ایک جان پیدا ہو کہ ہاں ہم نے ضرور منانا ہے، مزے ہوں، باتیں ہوتی رہیں کہ فلاں تبلیغ ڈے جو ہم نے منایا تھا اس کا بڑا مزا آیا، اتنے لوگ آئے تھے اس طرح انہوں نے دلچسپی لی تو اس طرح کام ہو، فعال زندہ

جماعتوں کی طرح آپ نے آگے بڑھنا ہے“ (خطاب 9 ستمبر 1992 بیلجیم)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں کہ:

”پس آج دنیا کو تباہی کے گڑھے میں گرنے سے بچانے کی ذمہ داری مسیح محمدی کے غلاموں کی ہے۔ دنیا کی بقا آج ہمارے ہاتھ میں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آج ہمیں دنیا کی روحانی پیاس بجھانے کے لئے مقرر کیا ہے۔ پس اس ذمہ داری کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ اس کام کے لئے صرف تھوڑے سے لٹریچر یا چند سیمینار یا چند میٹنگز کام نہیں کریں گی بلکہ ہمارے ہر طبقہ کو اپنے اپنے حلقہ میں اس کام کو سرانجام دینے کے لئے آگے آنا ہوگا۔ مستقل مزاجی سے کام میں جُٹ جانا ہوگا۔ اپنے عملوں کو اسلام کی حقیقی تعلیم کے مطابق ڈھالنا ہوگا اور خدا تعالیٰ کے آگے جُھکتے ہوئے عبادت کے حق ادا کرنے ہونگے۔

(اختتامی خطاب بر موقعہ جلسہ سالانہ جرمنی 2015)

## پروگرام ”یوم تبلیغ“

یوم تبلیغ کے موقعہ پر درج ذیل تفصیل کے مطابق کام کیا جائیگا۔

۱۔ ہر یوم تبلیغ کا آغاز نماز تہجد سے کیا جائے۔

۲۔ نماز فجر کے بعد تبلیغ کے تعلق سے خصوصی درس القرآن کا اہتمام کیا جائے۔

۳۔ یوم تبلیغ کی کامیابی کے لئے سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو خط لکھا جائے۔

۴۔ یوم تبلیغ پر نکلنے سے پہلے صدقات کی ادائیگی کی جائے۔

۵۔ یوم تبلیغ پر نکلنے سے پہلے کم از کم ایک گھنٹہ کی motivational کلاس کا انعقاد تبلیغی مہم میں نکلنے والی ٹیم کے ساتھ کیا جائے جس میں ان کو اس کام کی اہمیت و مقاصد خلفاء کرام کے اقتباسات کی روشنی میں سمجھا کر تبلیغ کے لئے motivate کیا جائے۔ نیز اس بات کو بھی خصوصی طور پر سمجھایا جائے کہ ہم یہ کام اس لئے کر رہے ہیں تا لوگوں کو خدا کی معرفت حاصل ہو سکے۔

۶۔ ہمارے نمائندگان جب بھی یوم تبلیغ کے لئے نکلیں تو جن احباب کو پیغام حق پہنچائیں ان کو www.alislam.org ویب سائٹ، شعبہ نور الاسلام کا بلوگ (Light of Islam)، جماعتی ٹول فری نمبر اور ہمارے پروگرام جو youtube میں موجود ہیں اُن کا تعارف کروا کر ان کا link انکو ضرور بتائیں اور جن سے بھی ملاقات کریں اُن سے کوشش کر کے ان کا email id اور whatsapp نمبر لیں تا کہ انہیں Email اور whatsapp کے ذریعہ تبلیغی مواد لگا تار بھجوایا جا سکے۔

۷۔اس طرح جن سے بھی ملاقات کریں اُنہیں بڑے پیار، حکمت سے مسیح موعودؑ اور خلفاء کرام کی کتب کا تعارف کرایا جائے اور انہیں alislam ویب سائٹ کا link دے دیا جائے تا کہ وہ یہ کتاب اردو، انگریزی، ہندی یا اپنی علاقائی زبان میں پڑھ سکیں۔

**پہلا یوم تبلیغ (مہینہ کا پہلا اتوار)**

پہلے یوم تبلیغ میں احباب جماعت اپنے زیادہ سے زیادہ رشتہ داروں اور پڑوسیوں کو تبلیغ کریں اور جماعت کی امن کے تعلق سے کی جارہی کاوشوں کا تذکرہ کرتے ہوئے جماعتی لٹریچر فراہم کروائیں۔

**دوسرا یوم تبلیغ (مہینہ کا دوسرا اتوار)**

اس یوم شہر کے تمام سرکاری (I.A.S آفیسر، پولیس آفیسر وغیرہ)، پولیٹیکل اور مذہبی لیڈران سے ملاقات کرکے ان کو پیغام حق پہنچایا جائے۔

**تیسرا یوم تبلیغ (مہینہ کا تیسرا اتوار)**

اس دن شہر کے تمام ججز، وکلاء، انجینئرز، ڈاکٹرز، CA، آرکیٹیکچر اور دیگر پیشاور کو پیغام حق پہنچایا جائے۔

**چوتھا یوم تبلیغ (مہینہ کا چوتھا اتوار)**

اس دن اپنے شہر کے کالج، یونیورسٹی کے پرفیسران اور طلباء کو پیغام حق پہنچایا جائے۔

**پانچواں یوم تبلیغ (مہینہ کا پانچواں اتوار)**

اس دن گذشتہ 4 یوم تبلیغ میں جن احباب نے جماعت کے پیغام کو سُننے میں دلچسپی دکھائی ہو ان تمام کے ساتھ لوکل جماعت کے وسائل سے تبادلہ خیالات کے لئے مسجد یا مشن ہاؤس میں بلانے کا اہتمام کیا جائے تا ان سے تفصیلی گفتگو کی جا سکے۔ اس موقعہ پر حسب ضرورت مجلس سوال و جواب کا بھی اہتمام کیا جا سکتا ہے اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ذریعہ قیام امن کی کاوشوں پر مبنی ڈاکیومینٹری، حضور انور کے پارلیامنٹ، یونیورسٹی کے مختلف خطابات، پریس اینڈ میڈیا سے گفتگو اور دیگر مجالس سوال و جواب کو بھی دکھایا جا سکتا ہے تا کہ لوگوں کے اندر مزید انہیں خود سے ہماری ویب سائٹ پر دیکھنے کی تڑپ پیدا ہو جائے۔ اسی طرح حضرت مسیح موعودؑ اور خلفاء کرام کی کتابوں کا تعارف بھی کرایا جائے تا کہ لوگوں میں انہیں پڑھنے کا شوق پیدا ہو۔

**ضروری نوٹ:** سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کی طرف سے کل 200 بیعتیں کروائے جانے کا ٹارگیٹ مقرر فرمایا ہے۔ اس ٹارگیٹ کو حاصل کرنے کی مجالس کو ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے اور داعیان الی اللہ کو اچھے رنگ میں فعال کرنے کی ضرورت ہے۔

# تفصیل پروگرام سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ

# ومجلس اطفال الاحمدیہ بھارت 2022

گزشتہ سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ بھارت کے لئے پیارے امام ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے Theme "ہر اِک نیکی کی جڑ یہ اِتّقا ہے" کو منتخب کیا ہے۔ تمام مجالس میں ہونے والے اجتماعات اسی کے مطابق کئے جائیں۔ نیز اجتماعات میں اسی Theme کے مطابق خصوصی تقریب یا تقاریر کا پروگرام بھی مقرر کیا جائے۔

**سالانہ اجتماع میں حصہ لینے کا معیار:**

(1) قائدین اس بات کا خصوصی خیال رکھیں کہ جس مجلس میں دوران سال مقامی اجتماع کا انعقاد کیا جائے گا اُسی مجلس کے خدام واطفال کو مرکزی سالانہ اجتماع کے مقابلہ جات میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی۔

(2) ہر ضلع یا علاقائی سطح پر ہونے والے اجتماعات کے علمی مقابلہ جات میں اول پوزیشن حاصل کرنے والے ایک خادم یا طفل کو ہی مرکزی سالانہ اجتماع کے مقابلہ میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی۔

(3) علمی وورزشی مقابلہ جات میں حصہ لینے والے خدام واطفال کی فہرست وٹیموں کے اسماء مقامی/ضلعی قائد کی طرف سے اجتماع سے قبل دفتر کو بذریعہ ڈاک یا Mail موصول ہونے ضروری ہیں۔ پروگرام اجتماع کی تفصیل درج ذیل ہے:

حسن کارکردگی مقامی، ضلعی وصوبائی مجالس/ قیادت: اسکے لئے بھارت کی جملہ مقامی، ضلعی وصوبائی مجالس خدام واطفال کے درمیان کارکردگی کے لحاظ سے موازنہ ہوگا اور سال بھر کی کارگزاری کے لحاظ سے مقامی مجالس میں پہلی دس پوزیشن حاصل کرنے والی مجالس کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک دستخطوں والی سندات سے نوازا جائے گا۔ اسی طرح ضلعی مجالس میں پہلی پانچ پوزیشن حاصل کرنے والی مجالس کو بھی سندات سے نوازا جائے گا۔ لائحہ عمل میں وہ جملہ امور درج ہیں جو موازنہ کے وقت ملحوظ رکھے جائیں گے۔

ضروری ہدایت: جملہ ضلعی قائدین/ قائدین مجالس کو تاکید کی جاتی ہے کہ وہ اپنے مقامی/ضلعی اجتماعات اسی پروگرام کے مطابق ہی منعقد کریں۔

## (علمی مقابلہ جات خدام)

علمی مقابلہ جات خدام کے لئے گروپ بندی درج ذیل طریق کے مطابق ہوگی:

**گروپ 'الف':** اس گروپ میں وہ خدام شامل ہونگے جو مبلغ، معلم، یا حافظ ہیں یا پھر جامعہ احمدیہ قادیان میں زیر تعلیم ہیں۔

**گروپ 'ب':** اس گروپ میں دیگر تمام خدام شامل ہونگے۔

**مقابلہ حسن قرأت:** (وقت 2 منٹ، ہر دو گروپ کا مقابلہ الگ الگ ہوگا) تلاوت قرآن کریم زبانی کریں۔ٹیسٹ کے وقت اس بات کو ملحوظ رکھا جائیگا کہ جو خادم تلاوت زبانی نہیں کریگا وہ مقابلہ میں حصہ لینے کا مستحق نہیں ہوگا۔

**حزب الف وب (مقابلہ الگ الگ ہوگا):** سورۃ البقرۃ (ابتدائی 17 آیات)

**مقابلہ نظم خوانی:** (وقت 2 منٹ) یہ مقابلہ ہر دو گروپ کا مشترکہ ہوگا۔ حضرت مسیح موعودؑ، خلفاء کرام اور مشہور احمدی شعراء کے کلام میں سے نظم پڑھی جاسکتی ہے۔

**مقابلہ تقاریر:** (وقت 3 منٹ) حزب الف، ب کا مقابلہ الگ الگ ہوگا۔

عناوین: 1 صحابہ رسول ﷺ کی زندگیوں میں ہونے والا روحانی انقلاب

2 خلیفۂ وقت سے ذاتی تعلق اور اسکی برکات

3 نبی اکرم ﷺ کی سیرت کا ایک پہلو آپ ﷺ کی قوت قدسیہ۔

4 حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی سیرت کا ایک پہلو تعلق باللہ

مقابلہ کوئز (QUIZ):

1- براہین احمدیہ حصہ اول۔ شرائط بیعت اور ہماری ذمہ داریاں 3۔ جنرل نالج 22-2021

4۔ خطبات حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نومبر 2021 تا ستمبر 2022۔

☆ مقابلہ مشاہدہ معائنہ ☆ مقابلہ پیغام رسانی ☆ مقابلہ پرچہ ذہانت ☆ مقابلہ بیت بازی انفرادی

## (ورزشی مقابلہ جات خدام)

☆فُٹ بال ☆والی بال ☆میراتھن ☆نیشنل کبڈی ☆رسہ کشی

☆میوزیکل چیئر ☆بیڈمنٹن سنگل ☆دوڑ سو میٹر ☆لانگ جمپ

نوٹ: حسب سابق امسال بھی سالانہ اجتماع کے موقع پر March Past کا انعقاد کیا جاسکتا ہے۔اس کے لئے مجالس تیاری کر کے آئیں۔مجالس اس بات کی پابندی کریں کہ اس میں نمائندگی کرنے والے خدام کے پاس مکمل Kit ہوں۔اس پروگرام کو کامیاب بنانے کے لئے بھی مجالس ابھی سے تیاری کریں۔

ورزشی مقابلہ جات کے لئے Team Events میں ہر صوبہ کی ایک ٹیم شامل ہوگی۔قادیان کو چونکہ مرکزی حیثیت حاصل ہے اس وجہ سے قادیان کی ایک الگ ٹیم ہوگی۔مبلغین و معلمین کرام اس صوبہ کی نمائندگی کریں گے جہاں وہ متعین ہیں ۔پنجاب کے کوٹا میں قادیان کے خدام شامل نہ ہوسکیں گے۔احمدی خدام واطفال کو ہی اجتماع کے کسی علمی یا ورزشی مقابلہ میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی۔

## (علمی مقابلہ جات اطفال)

اطفال کے لئے حزب کی درجہ بندی درجہ ذیل تفصیل کے مطابق ہوگی:

**گروپ الف:** 13 سے 15 سال کے اطفال (2) **گروپ ب:** 10 سے 12 سال کے اطفال (3) گروپ ج: 7 سے 9 سال کے اطفال۔جملہ حفاظ اطفال مقابلہ حسن قرأت میں گروپ الف میں حصہ لیں گے۔مقابلہ حسن قرأت: (وقت ڈیڑھ منٹ، ہر سہ گروپ کا مقابلہ الگ الگ ہوگا) حزب الف، ب کے لئے آیت الکرسی مقرر کی گئی ہے۔

**مقابلہ حُسن قرأت گروپ ''ج'':** کوئی بھی سورۃ پڑھی جاسکتی ہے۔

**مقابلہ نظم خوانی:** (وقت ڈیڑھ منٹ) یہ مقابلہ گروپ الف وب کا مشترکہ ہوگا۔گروپ ج کا مقابلہ الگ ہوگا۔حضرت مسیح موعودؑ، خلفاء کرام اور مشہور احمدی شعراء کے کلام میں سے نظم پڑھی جاسکتی ہے۔

**مقابلہ تقاریر:** (وقت 3 منٹ) تینوں گروپ کا مقابلہ الگ الگ ہوگا۔

**عناوین حزب الف، ب:** 1-آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پاکیزہ بچپن۔2۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا مقام اور مرتبہ۔3-سیرت حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔4۔ایم۔ٹی۔اےء کی

اہمیت و برکات۔ 5۔ مالی قربانی کی اہمیت و برکات۔

**عناوین حزب ''ج'':** 1۔ باجماعت نماز کی اہمیت۔ 2۔ دعا کی برکات۔ 3۔ والدین سے حسن سلوک۔ 4۔ سچائی۔ 5- مسجد کے آداب۔

**مقابلہ کوئز (QUIZ):** کتاب دینی معلومات مکمل، جنرل نالج: معلومات عامہ 2021-22ء کامیابی کی راہیں (حصہ قمر اطفال مکمل)

**مقابلہ حفظ قصیدہ:** مکمل 70 اشعار سنانے والے اطفال کو انعام اول دیا جائیگا۔ البتہ حزب ''ج'' کے لئے 35 اشعار سُنانے والے کو انعام اول دیا جائیگا۔

**مقابلہ حفظ قرآن مجید:** حزب الف وب کے لئے نصاب: سورۃ البقرۃ کی ابتدائی 17 آیات، عم پارہ کی آخری پندرہ (15) سورتیں۔ حزب ''ج'': عم پارہ کی آخری دس (10) سورتیں۔ ☆ مقابلہ بیت بازی اطفال اجتماعی ☆ مقابلہ حفظ عہد وفائے خلافت برائے حزب الف وب ☆ مقابلہ وعدہ اطفال الاحمدیہ برائے حزب ''ج''۔

❖ اگر کوئی طفل عم پارہ مکمل زبانی حفظ کرے گا تو اسے خصوصی انعام دیا جائے گا۔

## (ورزشی مقابلہ جات اطفال)

(1) فُٹ بال (2) دوڑ سو میٹر (3) بیڈمنٹن سنگل (4) نیشنل کبڈی (5) نشانہ غلیل

اسکے علاوہ گروپ ''ج'' کی دلچسپ کھیلیں ہونگی۔

❖❖❖

## ❁ تفصیلی پروگرام سالانہ ضلعی اجتماعات 22-2021 ❁

مذکورہ بالا پروگرام کے مطابق انڈیا کی تمام مجالس میں سالانہ اجتماع منعقد کرنے کی کوشش کریں۔سالانہ اجتماع کے انعقاد کے تعلق سے جملہ پلاننگ اور تاریخوں کا تعین کر کے سال کے شروع میں ہی دفتر خدام الاحمدیہ بھارت سے منظوری حاصل کریں۔

درج ذیل تفصیل کے مطابق مقررہ مہینوں میں ضلعی اجتماعات کا انعقاد کرنا ضروری ہے۔ضلعی قائدین کرام اس کے مطابق سال کے شروع سے ہی پلاننگ اور تیاری شروع کر دیں۔

| | |
|---|---|
| ماہ مئی 2022 | صوبہ کیرالہ: ضلع ملاپورم، ضلع کنور، ضلع کالیکٹ ، ضلع ایرناکلم، ضلع کولم، ضلع پالگھاٹ۔<br>صوبہ تامل ناڈو: ضلع کنیا کماری، ضلع ترنلویلی، ضلع مدورائی، ضلع کوئمبٹور، ضلع چینئی۔<br>صوبہ اوڈیشہ: ضلع بالاسور، ضلع کٹک، ضلع خوردہ، ضلع نیا گڑھ<br>صوبہ جھارکھنڈ: ضلع ایسٹ سنگھ بوم، ضلع دُمکا، ضلع رانچی<br>صوبہ بہار: ضلع بھاگلپور، ضلع پٹنہ، ضلع گیا، ضلع آرا، ضلع اروَل، ضلع سیوان، ضلع گوپال گنج، ضلع چھپرا، ضلع مظفرپور، ضلع موتی ہاری، ضلع پشچمی چمپارن<br>صوبہ ہریانہ: ضلع حصار، ضلع جیند، ضلع روہتک، ضلع کرنال، ضلع پانی پت، ضلع کیتھل، ضلع بھوانی، ضلع فتح آباد |
| ماہ مئی 2022 | صوبہ بنگال: ضلع ہاوڑا، ضلع کوچ بہار، ضلع بیر بھوم، ضلع چوبیس پرگنا، ضلع بردمان، ضلع مرشدآباد، ضلع مالدہ، ضلع بانکورہ، ضلع جلپائی گوڑی، ضلع علی پوردوار<br>صوبہ آسام: ضلع بونگائی گاؤں، ضلع گوالپاڑا، ضلع کامروپ، ضلع بارپیٹا، صوبہ میگھالیا، صوبہ ہماچل: ضلع کانگڑا، ضلع اونہ، |
| ماہ جون (یکم جون تا 15 جون) | جموں وکشمیر: ضلع راجوری، ضلع پونچھ، علاقہ بھدرواہ، ضلع شوپیان، ضلع کولگام، علاقہ سرینگر<br>صوبہ آندھرا پردیش: ضلع ورنگل، ضلع نظام آباد، ضلع محبوب نگر، ضلع ایسٹ گوداوری، ضلع ویسٹ گوداوری، ضلع کرشنا، ضلع کھمم<br>صوبہ تیلنگانہ: حیدرآباد<br>صوبہ کرناٹک: ضلع یادگیر، ضلع کوپل، ضلع بیجاپور، ضلع بلاری، ضلع گلبرگہ، ضلع رائچور، ضلع دھارواڑ، ضلع گدگ |

| | |
|---|---|
| صوبہ یوپی: اضلاع: مین پوری، ایٹہ، آگرہ، متھرا، کانپور، شاہجہان پور، سہارنپور، سیتا پور، بریلی، لکھنؤ، فتح پور، ہمیر پور، ہردوئی، اوناؤ۔<br>صوبہ راجستھان: ضلع دھولپور، ضلع اجمیر، ضلع پالی، ضلع جے پور، ضلع بھرتپور، ضلع کوٹا بوندی۔<br>صوبہ ایم پی: ضلع گوالیر، ضلع بھنڈ، ضلع مورینا<br>صوبہ چھتیس گڑھ: صوبائی اجتماع صوبہ چھتیس گڑھ<br>صوبہ پنجاب: ضلع امرتسر، ضلع گورداسپور، ضلع ہوشیار پور، ضلع مانسا، ضلع بٹھنڈا، ضلع جالندھر، ضلع فیروز پور، ضلع موگا، ضلع پٹیالہ، ضلع روپ نگر، علاقہ چندیگڑھ، قادیان | ماہ جولائی آخر تا اگست |
| صوبہ لکشدیپ: علاقہ لکشدیپ<br>صوبہ مہاراشٹرا: ضلع عثمان آباد، ضلع سانگلی، ضلع شولہ پور، ضلع چندراپور<br>صوبہ گجرات: ضلع احمد آباد، ضلع بناس کانٹا، ضلع بھاؤنگر، ضلع سریندرنگر<br>صوبہ دہلی: سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ دہلی و NCR۔ | ماہ ستمبر 2022 |

## ❁ سالانہ کیلنڈر بابت سال 22-2021ء ❁

| | |
|---|---|
| ❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁ 7 تاریخ - باجماعت نمازتہجد، وقارعمل (خدام واطفال)<br>❁ ہرہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔<br>❁ 8 تا 14 تاریخ - پہلا ہفتہ مال (تشخیص بجٹ کی کاروائی کریں)<br>❁ 25 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں) ❁ تحریک جدید کی مالی قربانی میں شامل خدام کی فہرست۔<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ تربیتی اجلاس میں تمام خدام حضورانورایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھیں۔ قائد مجلس ان خطوط کو بھجوانے کا انتظام کریں۔ عنوان: تعلق باللہ کے حصول کے ذرائع<br>❁ قائد مجلس اور اراکین مجلس عاملہ لائحہ عمل کا مطالعہ کریں اور ریفریشر کورس کا اہتمام کریں<br>❁ اس ماہ کم ازکم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتاب: براہین احمدیہ، جلد اول (نصف اول) | نومبر 2021 |
| ❁ 5 تاریخ - باجماعت نمازتہجد، وقارعمل (خدام واطفال)<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁ 12 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں) (خدام واطفال)<br>❁ 31 تاریخ - تجنید و تشخیص بجٹ فارم پُر کر کے مرکز کو روانہ کریں۔ (خدام واطفال) بجٹ میں 25% اضافہ ہونا چاہئے۔<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ تربیتی اجلاس میں تمام خدام حضورانورایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھیں۔ قائد مجلس ان خطوط کو بھجوانے کا انتظام کریں۔ عنوان: اسلام میں حصول علم کی ترغیب<br>❁ اس ماہ کم ازکم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتاب: براہین احمدیہ، جلد اول (نصف ثانی) ❁ ہرہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔<br>❁ پہلا سیمینار 12 تاریخ: دعوت الی اللہ کا فریضہ اور خدام الاحمدیہ کی ذمہ داریاں۔ | دسمبر 2021 |

| | |
|---|---|
| جنوری 2022 | ❁ 2 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقارعمل (خدام واطفال)<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁ 3 تا 9 تاریخ - پہلا ہفتہ تبلیغ (اس ہفتہ میں ایک مجلس سوال و جواب کا انعقاد ہو، بُک اسٹال لگایا جائے، تبلیغی کلاسز کا اہتمام ہو)<br>❁ 24 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام واطفال)<br>❁ خدام کو وقف عارضی کی تحریک کی جائے اور منظم پلاننگ کے ساتھ خدام کو وقف عارضی کے لئے بھجوانے کا انتظام کریں۔<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔ عنوان: سیرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم: حقوق العباد کے آئینہ میں۔<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتاب: براہین احمدیہ، جلد دوم (خمس اول)<br>❁ اطفال ننھے مجاہدین وقف جدید کی فہرست تیار کر کے مرکز کو بھجوائیں۔<br>❁ 16 تاریخ - دینی نصاب کا امتحان (جملہ خدام واطفال کی شمولیت ضروری ہے/ مرکز سے پرچہ سوالات بھجوایا جائے گا)<br>❁ آڈٹ رپورٹ تیار کر کے مرکز بھجوائیں۔ ❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔ |
| فروری 2022 | ❁ 6 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقارعمل (خدام واطفال)<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁ 20 تاریخ - حفظ متن پیشگوئی مصلح موعودؓ کے مقابلہ کا اہتمام کریں۔<br>❁ 28 تاریخ - اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت اقدس حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔ عنوان: سیرت حضرت مسیح موعودؑ: حقوق العباد کے آئینہ میں۔<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتاب: براہین احمدیہ، جلد دوم (خمس اول)<br>❁ 20 تاریخ - دوسرا سیمینار۔ عنوان: حضرت مسیح موعودؑ کا مقام اور مرتبہ<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔ |

| | |
|---|---|
| ❁5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁6 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، اور 6 تاریخ مثالی وقارعمل<br>❁4 تا10 تاریخ - ہفتہ شجرکاری ❁20 تاریخ - بلڈ ڈونیشن کیمپ کا اہتمام۔<br>❁21 تاریخ - مقابلہ حسن بیان کا اہتمام کیا جائے۔<br>❁28 تاریخ - اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔ عنوان: شرائط بیعت کے متعلق حضور انور کے ارشادات۔<br>❁ اس ماہ کم ازکم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتاب: براہین احمدیہ، جلد دوم (خمس ثانی)<br>❁ ہرہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔<br>❁ 20 تاریخ: جملہ خدام واطفال کا طبی معائنہ اور بلڈ گروپنگ کریں۔ جلسہ حفظان صحت منعقد کریں۔ | مارچ 2022 |
| ❁3 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقارعمل ❁2 تا8 تاریخ - ہفتہ اطفال کا اہتمام<br>❁5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁ 25 تاریخ - یوم والدین کا انعقاد، بُک بنک قائم کریں اور خدام واطفال کو حصہ لینے کی تحریک کریں۔<br>❁ 17 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔ عنوان: مالی قربانی کی اہمیت وبرکات۔ ❁ اس ماہ کم ازکم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔ ❁3 تاریخ دوسرا امتحان دینی نصاب۔<br>❁ مطالعہ کتب: براہین احمدیہ، جلد دوم (خمس ثانی) ❁ آڈٹ رپورٹ مرکز کو بھجوائیں۔<br>❁17 تاریخ: تیسرا سیمینار بعنوان: رشتہ ناطہ کے متعلق حضور انور کے ارشادات۔<br>❁ ہرہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔ ❁11 تاریخ: تیسرا سیمینار۔ | اپریل 2022 |

| | |
|---|---|
| مئی 2022 | ❁ 1 تا 7 تاریخ - ہفتہ مال<br>❁ 1 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقار عمل<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/ اطفال)<br>❁ 8 تا 22 تاریخ - پندرہ روزہ تربیتی کلاسز کا اہتمام<br>❁ 22 تاریخ - کلوا جمیعًا و پکنک (خدام واطفال)<br>❁ 22 تاریخ - اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔<br>❁ مطالعہ کتاب: براہین احمدیہ، جلد دوم (خمس ثالث)۔<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔ |
| جون 2022 | ❁ 3 تا 9 تاریخ: دوسرا ہفتہ مال<br>❁ 5 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقار عمل<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/ اطفال)<br>❁ 27 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ تربیتی اجلاس میں تمام خدام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھیں۔<br>❁ مطالعہ کتب: براہین احمدیہ، جلد دوم (خمس ثالث)<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔ |

| | |
|---|---|
| جولائی 2022 | ❁ 3 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقارِ عمل<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/ اطفال)<br>❁ 9 تا 15 تاریخ - تربیتی کلاسز برائے نومبائعین<br>❁ 24 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔ عنوان: وقف کرنا زندگی کا ہے کسب کمال (جامعہ میں حصول تعلیم)<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ آڈٹ رپورٹ مرکز کو ارسال کریں۔<br>❁ سالانہ رپورٹ خدام واطفال مرکز بھجوائیں۔<br>❁ مطالعہ کتب: براہین احمدیہ، جلد دوم (خمس رابع)<br>❁ 10 تاریخ: تیسرا دینی امتحان۔<br>❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔ |
| اگست 2022 | ❁ 7 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقارِ عمل<br>❁ 5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/ اطفال)<br>❁ 14 تاریخ - جلسہ ’’حفظانِ صحت‘‘<br>❁ 21 تاریخ - یوم والدین کا انعقاد کریں<br>❁ 28 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس (بعنوان: وطن سے محبت) جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتب: براہین احمدیہ، جلد دوم (خمس رابع) ❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے |

| | |
|---|---|
| ستمبر 2022 | ❁5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁4 تاریخ - باجماعت نماز تہجد، وقار عمل<br>❁ 9 تا 15 تاریخ - دوسرا ہفتہ تبلیغ (اس عرصہ میں) محفل سوال و جواب، اور تبلیغی کلاسز کا اہتمام کریں)<br>❁11 تاریخ کلوا جمیعًا (خدام واطفال)<br>❁26 تاریخ اجلاس مجلس عاملہ (رپورٹ/ پلاننگ) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس زیر عنوان: اسلامی قمری کیلینڈر کا پہلا ماہ: محرم۔ جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔<br>❁ اس ماہ کم از کم 5 یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتب: براہین احمدیہ، جلد دوم، (خمس خامس) ❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔ |
| اکتوبر 2022 | ❁2 تاریخ: باجماعت نماز تہجد، وقار عمل<br>❁5 تاریخ - ماہانہ کارگذاری رپورٹ بھجوانی ہے (خدام/اطفال)<br>❁ 23 تاریخ-اجلاس مجلس عاملہ (اس میں دوران ماہ کی رپورٹ تیار کریں اور آئندہ ماہ کی پلاننگ بنائیں) (خدام واطفال)<br>❁ تربیتی اجلاس بعنوان: جلسہ سالانہ کے اغراض و مقاصد اور اس میں شمولیت کی اہمیت۔ جماعتی نظام کے مشورہ سے منعقد کریں۔ دعائیہ خطوط بخدمت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔<br>❁ سالانہ مرکزی اجتماع میں شرکت کی طرف خدام واطفال کو توجہ دلائیں۔<br>❁ اس ماہ کم از کم یوم تعلیمی کلاسز کا اہتمام کریں۔<br>❁ مطالعہ کتب: براہین احمدیہ، جلد دوم، (خمس خامس) ❁ ہر ہفتہ یوم تبلیغ منعقد کیا جائے۔ |

اللہ تعالیٰ تمام خدام واطفال کو فاستبقوا الخیرات کے جذبہ کے ساتھ اس سالانہ پروگرام میں مندرج تمام امور کو بروئے کار لانے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)